© rasailojaraid.com


**حقائقِ اسلام** | **مولفین : پروفیسر رانا احسان الرحمٰن ، پروفیسر شیخ سعید اختر ۔**

ملنے کا پتہ : ڈوگر سنز ، ۱۷ ۔ اُردو بازار لاہور ۔ صفحات : ۱۸۴ ۔ قیمت : ۱۸/- روپے

یہ کتاب انٹرمیڈیٹ کے ان طلباء کی رہنمائی کے لیے تالیف کی گئی ہے جو اسلامیات کو لازمی مضمون کے طور پر اختیار کرتے ہیں ۔

اِس میں کُل تین باب ہیں :

باب اوّل میں بنیادی عقاید یعنی توحید ، رسالت اور آخرت وغیرہ پر جامع بحث کی گئی ہے ۔ اور باب دوم میں اسوۂ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تحت رحمۃ للعالمین اخوّت ، مساوات ، صبرو استقلال ، عفوو درگذر اور ذکر وغیرہ عنوانات پر مواد جمع کیا گیا ہے ۔ اور باب سوم اسلامی تشخص کے ضمن میں ارکانِ اسلام ، حقوق العباد ، اور اخلاقی بُرائیوں کے مختلف عنوانات قائم کر کے ان پر طوالت سے بچتے ہوئے اختصار کے ساتھ نہایت عمدہ اسلوب اور پیرائے میں طلبا کی ضرورت کو پورا کرنے کی اچھی کوشش کی گئی ہے ۔

(عبدالوکیل علوی)

---

**سیّدنا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ** | **تصنیف : ابوالاحسن محمد محبوب الٰہی رضوی ۔**

پبلشرز : میاں امام الدین ٹرسٹ چونیاں ضلع قصور ۔

بیرونی حضرات تین روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں ۔

خلفائے راشدین مہدیین کے فضائل و مناقب آیاتِ قرآنی اور احادیث میں اس طرح واضح طور پر بیان ہوئے ہیں کہ اس پر مزید کلام کی گنجائش بھی باقی نہیں رہتی ۔ مراتب و درجات کے اعتبار سے سب سے افضل حضرت ابوبکر الصدیق رضؓ ہیں ۔ ان کے بعد حضرت عمر فاروق رضؓ ، پھر حضرت عثمان غنی رضؓ اور پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم ۔

محترم رضوی صاحب نے اس کتابچہ میں شیعہ علماء کی مستند کتابوں کے حوالوں سے صدیق اکبر رضؓ کی مقامِ افضلیت کو ثابت کیا ہے ۔ صداقت در حقیقت ہے بھی وہی جسے مخالف بھی تسلیم کرے ۔

ما شهدت به الاعداء ۔ اِس اعتبار سے یہ کتاب بہت مفید ہے ۔ (عبدالوکیل علوی)

© rasailojaraid.com